# صبح اٹھ کر بغیر کلی کئے دم کے لئے سورہ فاتحہ پڑھنا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا صبح اٹھ کر بغیر کلی کیے سورہ فاتحہ پڑھ سکتے ہیں؟ دم کرنے کے لیے؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

سونے سے اٹھنے کے بعد ہاتھ دھو کر کلی کر لے، اس کے بعد سورہ فاتحہ پڑھے، اور اگر سونے کی وجہ سے منہ میں بدبو پیدا ہو گئی ہو، تب تو خاص طور پر کلی وغیرہ کر کے اولا منہ کی بدبو ختم کرے، پھر اس کے بعد سورہ فاتحہ پڑھے۔

امام اہلسنت، امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن سے سوال ہوا:

"سونے سے اُٹھ کر آیۃ الکرسی پڑھنا کیسا ہے؟ بعض استاد حقہ پیتے ہیں اور شاگرد کو پڑھاتے جاتے ہیں۔" تو آپ علیہ الرحمۃ نے جوابا فرمایا:

"سونے سے اٹھ کر ہاتھ دھو کر کلی کر لے اس کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے، **اگر منہ میں حقہ وغیرہ کی بدبو ہو یا کوئی کھانے پینے کی چیز ہو تو بغیر کلی کیے تلاوت نہ کرے جو استاد ایسا کرتے ہیں برا کرتے ہیں۔**" (فتاویٰ رضویہ، جلد23، صفحہ375، 376، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا محمد بلال عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-4470

**تاریخ اجراء:** 03جمادی الاخریٰ1447ھ/25نومبر2025ء


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net